# جائزہ

برائے تیسری سہ ماہی

۱۔ دیے گئے جملے پڑھیے اور درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(ا) بادل گرجتے ہیں:
- ○ گڑگڑگڑ
- ○ کڑکڑکڑ
- ○ چھم چھم چھم
- ○ دھم دھم دھم

(ب) ایک سال میں مہینے ہوتے ہیں:
- ○ ایک
- ○ تین
- ○ چھے
- ○ بارہ

(ج) اب تک جن شہیدوں کو نشانِ حیدر دیا گیا ہے، وہ ہیں:
- ○ آٹھ
- ○ نَو
- ○ دس
- ○ گیارہ

(د) السّلام علیکُم کے جواب میں کہتے ہیں:
- ○ شکریہ
- ○ وعلیکُم السّلام
- ○ جزاک اللہ
- ○ الحمدللہ

(ہ) قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ پیدا ہوئے:
- ○ دہلی میں
- ○ ممبئی میں
- ○ کراچی میں
- ○ لاہور میں

۲۔ دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

(ا) سال کا پہلا مہینا کون سا ہے؟

---

(ب) ہمارا قومی لباس کون سا ہے؟

---

(ج) پاکستان کے پرچم پر کیا کیا بنا ہوا ہے؟

---

(د) نشانِ حیدر حاصل کرنے والے کسی ایک شہید کا نام لکھیے۔

(ہ) سڑک پر ٹریفک سگنل کیوں لگایا جاتا ہے؟

۳۔ دیے گئے ہندسوں کو اردو الفاظ میں لکھیے۔

| | |
|---|---|
| ۱ | |
| ۳ | |
| ۵ | |
| ۶ | |
| ۸ | |

۴۔ دیے گئے جملوں کو ’گا، گی، گے‘ سے مکمل کیجیے۔

(ا) دادا جان کل آئیں ______۔

(ب) باجی اسکول جائیں ______۔

(ج) میچ پاکستان جیتے ______۔

(د) ہم گھومنے جائیں ______۔

(ہ) میں ضرور کام یاب ہوں ______۔

۵۔ دیے گئے الفاظ کی مدد سے جملے بنائیے۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| پاکستان | |
| دوست | |
| ادب | |

۶۔ اپنے پسندیدہ موسم کے بارے میں تین جملے لکھیے۔